Mazhar/Shahabullah

27-06-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- بھارتی خلاء باز شبھانشو شُکلا کے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پہنچنے کے تاریخی واقعے پر ملک میں خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے۔
2- بھارت نے آپریشن سندھو کے تحت لوگوں کو باہر لانے میں مدد کیلئے اسرائیل، ایران، اردن، مصر، آرمینیا اور ترکمانستان کا شکریہ ادا کیا ہے۔
3- بھگوان جگن ناتھ اور اُن کے دو بھائی بہن کی عالمی شہرت یافتہ رَتھ یاترا اوڈیشہ کے پوری میں شروع ہورہی ہے۔
4- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بھارت کے ساتھ جلد ہی ایک بہت بڑے تجارتی سمجھوتے پر دستخط کئے جانے کا اشارہ دیا ہے۔
5- امریکہ پہلی جولائی کو واشنگٹن ڈی سی میں QUAD کے وزراء خارجہ کی میٹنگ منعقد کرے گا۔
6- بھارت نے 2029 کے ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز کی میزبانی کیلئے بولی میں کامیابی حاصل کی ہے۔
7- اور ہاکی انڈیا ماسٹرس کپ میں آج چنئی میں مردوں اور خواتین کے فائنل کھیلے جائیں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Axiom-4

بھارتی خلاء باز شبھانشو شُکلا کے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پہنچنے کے تاریخی واقعے پر ملک میں خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے Axiom Space، ناسا اور SpaceX کو مبارکباد دی ہے۔ گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کو لے جانے والا Axiom 4 مشن کا اسپیس کرافٹ بھارتی وقت کے مطابق کل شام سوا چار بجے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے ساتھ کامیابی کے ساتھ مربوط ہوگیا۔ اِس طرح یہ عالمی خلائی دریافت میں ایک نمایاں کامیابی حاصل ہوئی ہے۔
اِسرو کے مطابق محکمۂ خلاء کے سکریٹری اور اِسرو کے چیئرمین کی سربراہی میں ایک ٹیم نے Houston میں ناسا کے Johnson خلائی مرکز میں مشن کنٹرول روم میں تاریخی لمحے کا مشاہدہ کیا۔
اِس سنگِ میل کی ستائش کرتے ہوئے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ اِس مشن سے آتم نربھر بھارت اور وِشو بندھو بھارت کے جذبے کی عکاسی ہوتی ہے، جس کا نظریہ وزیر اعظم نریندر مودی نے پیش کیا تھا۔

S/B - Jitendra Singh

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C -

*Axiom 4 مشن، خلائی بایو سائنس کے شعبے میں بھارت کا سب سے براہِ*

راست اہم رول ہے۔ بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا بین الاقوامی خلائی اسٹیشن میں اپنے قیام کے دوران پوری طرح ملکی وسائل کے ساتھ **Microgravity** پر **7** تجربات کریں گے۔ یہ سبھی آزمائشیں پوری طرح بھارتی اداروں نے تیار کی ہیں اور سائنسی حقائق کو سبھی کے فائدے کیلئے عالمی سطح پر دستیاب کرائے جائیں گے۔ اِن میں سے ایک تجربے سے خلائی زراعت اور کرۂ ارض کیلئے مختلف طرح کی آب و ہوا کا سامنا کرنے والی فصلیں تیار کرنے کی راہ ہموار ہوسکے گی۔

دِلّی سے خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان۔

## MEA - Operation Sindhu

بھارت نے آپریشن سندھو کے تحت لوگوں کو بحفاظت باہر لانے کی کوششوں میں مدد کیلئے اسرائیل، ایران، اردن، مصر، آرمینیا اور ترکمانستان کی سرکاروں کے تئیں تشکر کا اظہار کیا ہے۔

کل رات دیر گئے آرمینیا کے شہر Yerevan سے 173 بھارتی شہریوں کو لے کر ایک خصوصی پرواز نئی دلّی پہنچی، جنہیں ایران سے باہر لایا گیا تھا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ اب تک 19 خصوصی پروازوں کے ذریعے مجموعی طور پر 4 ہزار 415 بھارتی شہریوں کو وہاں سے لایا جاچکا ہے۔ بھارتی فضائیہ کے 3 ہوائی جہازوں کو بھی اِس کام میں لگایا گیا۔

ترجمان نے بتایا کہ 3 ہزار 597 افراد کو ایران سے، جبکہ 818 بھارتی شہریوں کو اسرائیل سے واپس لایا گیا ہے۔

جناب جیسوال نے یہ بھی بتایا کہ نیپال کے 9 شہریوں اور سری لنکا کے 4 شہریوں کو بھی وہاں سے لایا گیا ہے۔

اسرائیل کی فضائی حدود بند ہونے کی وجہ سے بھارتی شہریوں کو پڑوس کے ملکوں اردن اور مصر لے جایا گیا، جہاں سے انھیں خصوصی پروازوں کے ذریعے بھارت واپس لایا گیا۔

بھارت نے ایران اور اسرائیل سے اپنے شہریوں کو باہر لانے کیلئے 18 جون کو آپریشن سندھو شروع کیا تھا۔×

## RSS - Preamble

آر ایس ایس نے آئین کی تمہید میں الفاظ سوشلسٹ اور سیکولر پر یہ کہتے ہوئے نظر ثانی کئے جانے پر زور دیا ہے کہ اِن الفاظ کو ایمرجنسی کے دوران شامل کیا گیا تھا اور یہ کبھی بھی بی آر امبیڈکر کے مرتب کئے گئے آئین کا حصہ نہیں رہے۔

ایمرجنسی کے 50 سال ہونے کے موضوع پر ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے آر ایس ایس کے جنرل سکریٹری دتّاترے Hosabole نے کہا کہ بابا صاحب امبیڈکر نے آئین کی تمہید میں کبھی بھی اِن الفاظ کو استعمال نہیں کیا۔

S/B - 0815 - RSS Hosabale

ایمرجنسی کے دنوں کو یاد کرتے ہوئے، جس کا اعلان 25 جون 1975 کو کیا گیا تھا، Hosabole نے کہا کہ ہزاروں لوگوں کو جیلوں میں ڈال دیا گیا تھا اور انھیں اذیت دی گئی، جبکہ عدلیہ اور میڈیا کی آزادی پر بندشیں عائد کردی گئیں۔×

## Puri Rath Yatra

عالمی شہرت یافتہ پوری کی رَتھ یاترا آج شروع ہورہی ہے۔ بھگوان جگن ناتھ اور اُن کے بڑے بھائی بھگوان بل بھدر اور چھوٹی بہن دیوی سبھدرا کی رَتھ یاترا اوڈیشہ کے پوتر شہر پوری میں ہورہی ہے۔ مندر کے اندر رسومات ادا کی جارہی ہیں۔ چونکہ بھگوان عوام کے سامنے نمودار ہوں گے، اسلئے یہ دن غیر معمولی مانا جاتا ہے اور بڑی تعداد میں عقیدتمند پوِتر شہر میں پہنچتے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - S N Pattnaik

پوری کے جگن ناتھ مندر میں سالانہ **148** تہوار منائے جاتے ہیں۔ اِن میں سے

رَتھ یاترا سب سے زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ رسومات کے نظام الاوقات کے مطابق عقیدتمند سہ پہر 4 بجے کے آس پاس رَتھوں کو کھینچنا شروع کریں گے۔ یاترا پوری کے مندر سے شروع ہوکر شری Gundicha مندر پر جاکر ختم ہوگی اور اس طرح یہ تقریباً 3 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرے گی۔ امید ہے کہ یہ رَتھ سورج غروب ہونے سے قبل Gundicha مندر پہنچ جائیں گے۔ بھگوان وہاں 9 دن قیام کریں گے اور اُنہیں رَتھوں پر سوار ہوکر یاترا مکمل ہونے کے بعد 5 جولائی کو شری مندر واپس آجائیں گے۔ انتظامیہ کو امید ہے کہ تقریباً 13 لاکھ افراد اِس رَتھ یاترا میں شامل ہوں گے۔ یاترا کیلئے کثیر سطحی سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔

ایس این پٹنائک کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان۔

Guj - Rath Yatra

گجرات میں بھگوان جگن ناتھ کی 148 ویں سالانہ رَتھ یاترا احمد آباد میں شروع ہوگئی ہے۔ اِس کیلئے سخت سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں۔ صدیوں پرانی روایت کے مطابق تاریخی رَتھ یاترا کا آغاز پرانے شہر کے جمال پور علاقے میں 400 سال قدیم بھگوان جگن ناتھ مندر سے ہوا۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے احمد آباد میں شری جگن ناتھ مندر میں منگل آرتی انجام دی اور آج صبح سویرے بھگوان جگن ناتھ کی رَتھ یاترا سے قبل بھکتی دَرشن کے ساتھ آشرواد لیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Anil Patel Rathyatra

گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے یاترا شروع کرنے کیلئے بھگوان جگن ناتھ مندر میں سنہری جھاڑو سے علامتی طور پر راستے کی صفائی سے متعلق Pahind رسم ادا کی۔ 148 ویں رتھ یاترا سے پہلے اس سال پہلی بار بھگوان جگن ناتھ کو Guard of Honor دیا گیا۔ گجرات پولیس نے Pahindvidhi تقریب سے پہلے یہ خصوصی خراج عقیدت پیش کیا۔ بھگوان جگن ناتھ، بڑے بھائی بھگوان بلدیو اور بہن دیوی سوبھدرا کے خوبصورتی سے سجائے گئے رتھ، عقیدت مندوں کو آشیرواد دینے کیلئے دن کے دوران اپنے روایتی راستے سے گزریں گے۔ توقع ہے کہ لاکھوں عقیدت مند بھگوان جگن ناتھ کا آشیرواد لینے کیلئے رتھ یاترا میں حصہ لیں گے۔ یاترا کے راستے میں سیکورٹی کا مناسب بندوبست کیا گیا ہے۔

احمد آباد سے انل پاٹل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Trump Trade Deal

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا کہ بھارت کے ساتھ ایک بہت بڑا سمجھوتہ جلد ہونے والا ہے۔ صدر ٹرمپ نے بتایا کہ امریکہ نے حال ہی میں چین کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں اور بھارت کے ساتھ جلد ہی ایک اہم سمجھوتہ کیا جائے گا۔

S/B - 0815 - Trump India Trade

صدر ٹرمپ نے زور دے کر کہا کہ یہ معاہدے ہر کسی ملک کے ساتھ نہیں کئے جائیں گے۔ البتہ انھوں نے چین کے ساتھ دستخط کئے گئے سمجھوتے کی تفصیلات کا تذکرہ نہیں کیا۔×

## Quad Meeting

امریکہ، واشنگٹن ڈی سی میں پہلی جولائی کو QUAD کے وزراء خارجہ کی میٹنگ کی میزبانی کرے گا۔ امریکی محکمۂ خارجہ کے پرنسپل ڈپٹی ترجمان Tommy Pigott نے ایک پریس بریفنگ کے دوران یہ اعلان کیا۔ جناب Pigott نے بتایا کہ اگلے ہفتے 2025 کی QUAD کی وزراء خارجہ کی میٹنگ میں امریکی وزیر خارجہ Marco Rubio کے ساتھ ساتھ آسٹریلیا، بھارت اور جاپان کے وزراء خارجہ شرکت کریں گے۔

S/B - 0815 - US Spokesperson

اِدھر وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا ہے کہ انھوں نے QUAD میٹنگ سے قبل آسٹریلیا کے وزیر خارجہ Penelope Ying-Yen Wong کے ساتھ مفید گفتگو کی ہے۔ انھوں نے دوطرفہ اشتراک اور بھارت-بحرالکاہل کے بارے میں بھی تبادلۂ خیال کیا۔

اِس سے پہلے اِس مہینے کی 18 تاریخ کو امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے QUAD سربراہ میٹنگ میں شرکت کرنے کا وزیر اعظم نریندر مودی کا دعوت نامہ قبول کرلیا تھا، جو اِس سال کے اواخر میں نئی دلّی میں ہوگی۔

QUAD، آسٹریلیا، بھارت، جاپان اور امریکہ کے درمیان ایک سفارتی ساجھیداری ہے، جو کھلے، مستحکم اور خوشحال، سب کی شمولیت والے اور مضبوط بھارت-بحر الکاہل خطے کی حمایت کرنے کی پابند ہے۔×

## Aadhar Authentication

حکومت نےInstitute of Banking Personnel Selection یا IBPS کے ذریعہ منعقد کئے جانے والے امتحانات میں امیدوار کی تصدیق کیلئے آدھار کی توثیق کے استعمال کی اجازت دے دی ہے۔ وزارت خزانہ کے تحت مالیاتی خدمات کے محکمے کے ذریعہ جاری ایک نوٹیفکیشن میں کہا گیاہے کہ اب IBPS کو اپنے امتحان اور بھرتی کے عمل کے دوران رضاکارانہ بنیاد پر امیدواروں کی شناخت کی تصدیق کیلئے آدھار کی توثیق کے استعمال کی اجازت ہوگی۔ وزارت خزانہ نے کہا کہ اس اقدام کا مقصدامتحان کے دوران فرضی امیدوار اور دیگر غلط عوامل کو روکنا، اچھی حکمرانی کو فروغ دیا اور بینکنگ، مالیاتی خدمات اور بیمہ سیکٹر میں بھرتی کے عمل میں ایمانداری کو تقویت پہنچانا ہے۔

## HP - Weather

ہماچل پردیش میں کئی مقامات پر دور دور تک بارش ہونے، بادل پھٹنے اور پانی بھر جانے کی وجہ سے جان و مال کے نقصان کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Ritesh

*ہماچل پردیش میں بادل پھٹنے کے واقعات میں **15** گھروں اور دو قومی شاہراہوں کو نقصان پہنچا ہے۔ دھرم شالہ کے نزدیک **Khaniyara** میں **Manuni** نالے سے پانچ لاشیں برآمد کی گئی ہیں جہاں اچانک آئے سیلاب میں آٹھ مزدور بہہ گئے تھے۔ اب بھی تین لوگوں کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔ وزیراعلیٰ سکھوندرسنگھ سکھو کے مطابق بادل پھٹنے سے پن بجلی کے دو پروجیکٹوں کو بھی نقصان پہنچاہے جس کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ انہوں نے مقامی لوگوں اور سیاحوں پر زور دیاہے کہ وہ محتاط رہیں اور ندیوں اور نالوں سے دور رہیں۔ محکمہ موسمیات نے اگلے تین دنوں کے دوران ریاست کے کچھ حصوں میں شدید بارش کیلئے یلو*

*الرٹ جاری کیا ہے۔*
*شملہ سے ترشیں کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں فہیم احمد*

## Sports

بھارت نے 2029 کے ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز کی میزبانی کی بولی میں کامیابی حاصل کی ہے۔
یہ گیمز گجرات میں احمد آباد، گاندھی نگر اور ایکتا نگر میں ہوں گے۔ امریکہ نے ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز فیڈریشن کو دی گئی بھارتی نمائندوں کی شاندار Presentation کے بعد یہ اعلان کیا گیا۔ گجرات کے وزیر اعلیٰ بھوپیندر پٹیل نے اِسے گجرات کیلئے ایک فخریہ لمحہ قرار دیا اور ایک عالمی اسپورٹنگ مرکز کے طور پر ریاست کے بڑھتے ہوئے رتبے کو اُجاگر کیا۔
اِدھر ہاکی میں چنئی میں انڈیا ماسٹرس کپ میں آج مردوں اور خواتین دونوں زمروں کے فائنل کھیلے جائیں گے۔ مردوں کے زمرے میں تمل ناڈو کا مقابلہ مہاراشٹر سے ہوگا۔ جبکہ خواتین کے زمرے میں اوڈیشہ کی ٹیم پنجاب کے ساتھ کھیلے گی۔×

## یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

### اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... فہیم احمد
### شکریہ - شگفتہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔
اخبار ملاپ نے شنگھائی تعاون تنظیم SCO کے اجلاس میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے اس بیان کو شہ سرخی بنایاہے کہ دہشت گردی کا ہرعمل مجرمانہ، SCO ممالک کو اسے ختم کرنے کے لیے متحدہونا ضروری۔اخبار ملاپ لکھتاہے: شبھانشو شکلا نے تاریخ رقم کی۔ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پہنچنے والے پہلے بھارتی بن گئے۔
اخبار پرتاپ نے وزیرداخلہ امت شاہ کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ حکومت منشیات کے خاتمے کیلئے پرعزم۔
ہندوستان ایکسپریس کی ایک اہم سرخی ہے: ہماچل پردیش اور کشمیر میں بادل پھٹنے کے واقعات، متعدد ہلاکتیں، درجنوں لاپتہ، بڑے پیمانے پر تلاش کی مہم شروع۔
اخبار انقلاب کی ایک سرخی ہے: آپریشن سندھو کے تحت 272 بھارتی اور تین نیپالی ایران سے دلی پہنچے۔ اخبارات نے حصص بازار میں آئی تیزی سے متعلق خبر کو اہمیت دیتے ہوئے سرخی لگائی ہے: حصص بازار 9 ماہ کی بلندترین سطح پر۔
اخباروں کی اہم بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں
- ☆ ایران بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے ساتھ تعاون جاری رکھے: روس کا بیان۔
- ☆ غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے جاری، مزید78فلسطینی ہلاک۔
- ☆ فرانسیسی صدر کا نتن یاہو پر جنگ بندی معاہدے کا احترام کرنے پر زور۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- بھارتی خلاء باز شبھانشو شکلا کے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پہنچنے کے تاریخی واقعے پر ملک میں خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے۔
2- بھارت نے آپریشن سندھو کے تحت لوگوں کو باہر لانے میں مدد کیلئے اسرائیل، ایران، اردن، مصر، آرمینیا اور ترکمانستان کا شکریہ ادا کیا ہے۔
3- بھگوان جگن ناتھ اور اُن کے دو بھائی بہن کی عالمی شہرت یافتہ رتھ یاترا اوڈیشہ کے پوری میں شروع ہورہی ہے۔
4- امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے بھارت کے ساتھ جلد ہی ایک بہت بڑے تجارتی سمجھوتے پر دستخط کئے جانے کا اشارہ دیا ہے۔

5- امریکہ پہلی جولائی کو واشنگٹن ڈی سی میں QUAD کے وزراء خارجہ کی میٹنگ منعقد کرے گا۔

6- بھارت نے 2029 کے ورلڈ پولیس اینڈ فائر گیمز کی میزبانی کیلئے بولی میں کامیابی حاصل کی ہے۔

7- اور ہاکی انڈیا ماسٹرس کپ میں آج چنئی میں مردوں اور خواتین کے فائنل کھیلے جائیں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔